SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
April 15, 2025

## SECP Notifies Amendments to NBFC Regulations, 2008, Introducing Expense Regime Reforms and Shariah Compliance Enhancements

**ISLAMABAD, April 15, 2025** – The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has notified the final amendments to the Non-Banking Finance Companies and Notified Entities Regulations, 2008. These reforms primarily focus on revising the Total Expense Regime (TER) for mutual funds and pension funds while introducing significant measures to enhance the Shariah compliance framework within the mutual fund industry.

As part of the amendments, the existing Total Expense Ratio (TER) capping regime will be replaced with caps on management fees, effective July 1, 2025. This transition period provides Asset Management Companies (AMCs) and Pension Fund Managers (PFMs) with adequate time to adjust their business strategies. To improve transparency and aid investor decision-making, AMCs and PFMs must also provide detailed TER disclosures for mutual funds and pension funds.

To strengthen Shariah compliance in the industry, the amendments introduce a relaxation for obtaining a Shariah Compliance Certificate for Collective Investment Schemes (CIS) that share a similar structure and strategy with an existing Shariah-compliant scheme. Additionally, all CIS lacking a Shariah Compliance Certificate must obtain one by September 30, 2025. Furthermore, an Annual Shariah Advisor’s Report will now be included in the financial statements distributed to unit holders and Voluntary Pension System (VPS) participants.

The amendments were finalized following extensive stakeholder consultations, including engagements with AMCs, PFMs, and the Mutual Funds Association of Pakistan (MUFAP). Through this collaborative process, consensus was reached on amendments aimed at promoting transparency, cost efficiency, and alignment with international best practices in the mutual fund and pension fund sectors.

## ایس ای سی پی نے نان بینکنگ فنانشل کمپنیز (NBFC) ریگولیشنز 2008 میں ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔

اسلام آباد،15 اپریل: ایس ای سی پی نے نان بینکنگ فنانس کمپنیز اور نوٹیفائیڈ اداروں کے ریگولیشنز 2008 میں حتمی ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ ان اصلاحات کا بنیادی مقصد میوچل فنڈز اور

پنشن فنڈز کے لیے Total Expense Regime (TER) پر نظر ثانی کرنا ہے، جبکہ میوچل فنڈ انڈسٹری میں شریعہ کمپلائنس کے فریم ورک کو مؤثر طریقے سے بہتر بنانے کے لیے اہم اقدامات بھی متعارف کروائے گئے ہیں۔

ان ترامیم کے تحت، موجودہ ٹوٹل ایکسپینس ریشو (TER) کی حد بندی کے نظام کو ختم کر کے 1 جولائی 2025 سے مینجمنٹ فیس پر حد مقرر کی جائے گی۔ یہ عبوری مدت ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں (AMCs) اور پنشن فنڈ مینیجرز (PFMs) کو اپنی کاروباری حکمت عملیوں میں ضروری تبدیلیاں کرنے کے لیے مناسب وقت فراہم کرے گی۔ شفافیت کو بہتر بنانے اور سرمایہ کاروں کو بہتر فیصلے کرنے میں مدد دینے کے لیے، AMCs اور PFMs کو میوچل فنڈز اور پنشن فنڈز کے لیے تفصیلی TER انکشافات فراہم کرنا بھی لازمی ہوگا۔

شریعہ کمپلائنس کو مضبوط بنانے کے لیے، ان ترامیم میں ایسے Collective Investments Schemes(CIS) کے لیے نرمی متعارف کروائی گئی ہے جو کسی موجودہ شریعہ کمپلائینٹ اسکیم سے ساخت اور حکمت عملی میں مماثلت رکھتے ہوں—ایسے اسکیمز کو شریعہ کمپلائنس سرٹیفکیٹ حاصل کرنے میں آسانی فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ، تمام ایسے CIS جن کے پاس تاحال شریعہ کمپلائنس سرٹیفکیٹ موجود نہیں، انہیں 30 ستمبر 2025 تک یہ سرٹیفکیٹ حاصل کرنا لازم ہوگا۔ مزید برآں، اب سالانہ شریعہ ایڈوائزر کی رپورٹ کو بھی مالیاتی گوشواروں میں شامل کیا جائے گا، جو یونٹ ہولڈرز اور Voluntary Pension System (VPS) کے شرکاء کو فراہم کی جائے گی۔

یہ ترامیم وسیع پیمانے پر اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد حتمی شکل دی گئی ہیں، جن میں ایسٹ مینجمنٹ کمپنیاں(AMCs) ، پنشن فنڈ مینیجرز(PFMs) ، اور میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان (MUFAP) شامل تھے۔ اس مشترکہ عمل کے ذریعے ایسی ترامیم پر اتفاق رائے حاصل کیا گیا جن کا مقصد میوچل فنڈ اور پنشن فنڈ سیکٹرز میں شفافیت، لاگت میں مؤثریت، اور بین الاقوامی بہترین روایات سے ہم آہنگی کو فروغ دینا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005